ایم کیوایم کے کارکنان پاکستان کے سیاسی حالات کے ساتھ ساتھ جنوبی ایشیا کے خطے میں وقوع پذیر ہونے والی تبدیلیوں پر بھی نظر رکھیں۔الطاف حسین

آج نہ صرف ملک بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی ایم کیوایم کی سیاسی اہمیت اور حیثیت کوتسلیم کیا جارہا ہے

کراچی میں ایم کیوایم کے مختلف سیکٹرز کی کمیٹیوں کے ارکان سے فون پر علیحدہ علیحدہ گفتگو

لندن۔۔۔4 ستمبر 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے کارکنان سے کہا ہے کہ وہ پاکستان کے سیاسی حالات کے ساتھ ساتھ جنوبی ایشیا کے خطے میں وقوع پذیر ہونے والی تبدیلیوں پر بھی نظر رکھیں اور موجودہ نازک حالات کے پیش نظر اپنی ذمہ داریوں کا احساس کریں۔انہوں نے یہ بات کراچی میں ایم کیوایم کے مختلف سیکٹرز کی کمیٹیوں کے ارکان سے فون پر علیحدہ علیحدہ گفتگو کرتے ہوئے کہی۔جناب الطاف حسین نے برنس روڈ، رنچھوڑ لائن، بلدیہ ٹاؤن، اورنگی ٹاؤن، قصبہ علیگڑھ، سرجانی ٹاؤن اور پی آئی بی کالونی سیکٹرز میں علیحدہ علیحدہ فون کرکے سیکٹرز کی کمیٹیوں کے ارکان سے گفتگو کی۔انہوں نے سیکٹر کمیٹیوں کے ارکان سے تنظیمی کارکردگی اور موجودہ سیاسی صورتحال پر بات چیت کی۔سیکٹرز کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہماری جدوجہد محروم ومظلوم کے حقوق کے حصول اور ملک کے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کو بدلنے کیلئے ہے، استحصالی قوتوں نے ایم کیوایم کو ختم کرنے کی طرح طرح سے کوششیں کیں لیکن شہیدوں کی قربانیوں، کارکنوں کی ثابت قدمی اور عوام کی حمایت کی بدولت ایم کیوایم آج بھی قائم ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر ہم اپنے مشن ومقصد میں سچے نہیں ہوتے اور ہماری نیتیں نیک نہ ہوتیں تو ہماری تحریک اس قدر کامیابیاں حاصل نہ کرتی اور کامیابیوں کا سفر طے کرتے ہوئے یہاں تک نہ پہنچتی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کے پرعزم وجانثار کارکنان انمول ہیں اور ایسے جانثار کارکنان ہی ایم کیوایم کا قیمتی سرمایہ ہیں اور مجھے اپنے ان پرعزم، بہادر، باحوصلہ اور باہمت کارکنوں پر ناز ہے جنہوں نے ہر آزمائش میں اتحاد کا مظاہرہ کرکے ثابت کردیا کہ وہ کل بھی الطاف حسین کے ساتھ تھے اور آج بھی ساتھ ہیں۔انہوں نے سیکٹر کمیٹیوں کے ارکان سے کہا کہ وہ پاکستان کے سیاسی حالات کے ساتھ ساتھ جنوبی ایشیا کے خطے میں وقوع پذیر ہونے والی تبدیلیوں پر بھی نظر رکھیں اور موجودہ نازک حالات کے پیش نظر اپنی ذمہ داریوں کا احساس کریں۔انہوں نے سیکٹرز کے ارکان سے مزید کہا کہ شہیدوں کی قربانیوں، کارکنوں کی ثابت قدمی، محنت وجانفشانی اور عوام کی بھرپور حمایت کی بدولت آج نہ صرف ملک بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی ایم کیوایم کی سیاسی اہمیت اور حیثیت کوتسلیم کیا جارہا ہے لہٰذا کارکنوں کو چاہیے کہ وہ کوئی بھی ایسا عمل نہ کریں جسکی وجہ سے تحریک کا امیج خراب ہو۔انہوں نے سیکٹر کمیٹیوں کے ارکان کو رمضان المبارک کی مبارکباد پیش کی اور ان سے کہا کہ وہ اپنے اپنے سیکٹر کے تمام کارکنوں کو ثابت قدمی سے تحریک کا کام کرنے پر میری جانب سے خراج تحسین پیش کریں اور اپنے اپنے سیکٹر کے عوام، ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور بچوں کو تمام تر مشکلات اور آزمائشوں کے باوجود ثابت قدم رہنے اور ہر کڑے وقت میں ایم کیوایم کا ساتھ دینے پر میرا سلام تحسین پہنچائیں۔

غیرت کے نام پر خواتین کا قتل انسانیت کی کھلی تذلیل ہے، شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔4 ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی انچارج وارا کین نے بلوچستان کے ضلع نصیرآباد میں غیرت کے نام پر خواتین کو قتل کرکے دفن کئے جانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس شرمناک واقعے میں ملوث افراد اور اس گھناؤنے عمل کی حمایت کرنے والے عناصر کو سخت ترین سزادینے کا مطالبہ کیا ہے۔ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک وقوم پر مسلط فرسودہ جاگیردارانہ اور سردارانہ نظام کے باعث خواتین کے بنیادی حقوق غصب کئے جارہے ہیں اور خواتین کو فرسودہ قبائلی روایات کی بھینٹ چڑھایا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں غیرت کے نام پر خواتین کو قتل کرکے دفن کرنے کا واقعہ اس بات کا ثبوت ہے کہ آج بھی پاکستان کے بعض علاقوں کے عوام جہالت کی تاریکی میں زندگی گزار رہے ہیں۔انہوں نے غیرت کے نام پر خواتین کے قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جو عناصر غیرت کے نام پر خواتین کے قتل کو قبائلی روایات قرار دے رہے ہیں وہ خواتین کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی میں براہ راست ملوث ہیں۔شعبہ خواتین نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ خواتین کو غیرت کے نام پر قتل کرنے کے گھناؤنے عمل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور گھناؤنے عمل میں ملوث تمام افراد کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق سخت سزادی جائے۔

ناصر بیگ اور شاہ محمد رنگیانی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔4ستمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن مختیار احمد کے والد ناصر بیگ اور ایم کیوایم ٹھٹھہ زون پنپور یونٹ کے کارکن میر خان کے والد شاہ محمد رنگیانی کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆